## سوال

(326)خطبہ جمعہ کے دوران میں سنتیں پڑھنی کیسی ہیں اور کتنی پڑھنی چاہئیں ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

خطبہ جمعہ کے دوران میں سنتیں پڑھنی کیسی ہیں اور کتنی پڑھنی چاہئیں ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بہتر یہی ہے کہ آرام سے بیٹھ کر خطبہ وغیرہ سن لے، کیونکہ خطبہ کے دو فرضوں کے قائم مقام رکھا گیا ہے۔ اور سکون سے نماز بھی ادا نہ ہوسکے گی۔ فرض جمعہ کے بعد سنتیں پڑھ لے، عموماً یہ سنتیں چار ہی پڑھی جاتی ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک صحابی کو دوران خطبہ نماز پڑھنے کی اجازت دی تھی۔ جس پر علماء کا فرمان ہے کہ وہ بزرگ دو رکعت تحیة المسجد پڑھنے کے عادی تھے اس لیے اجازت ملی۔ واللہ اعلم (اہل حدیث سوہدرہ جلد نمبر ۱۵ شمارہ نمبر ۱۹)

## فتاویٰ علمائے حدیث

## کتاب الصلاۃ جلد 1 ص 154